10214-دوسروں کوکسی کام سے روکنا اورخود اس کا ارتکاب کہیں نفاق تونہیں ؟

سوال

جب میں اپنے بھائیوں کوایک برائی سے منع کروں لیکن میں خودوہ برائی کرتارہوں توکیا میں منافق شمارہوں گا ؟
جواب دے کرمستفید فرمائیں اللہ تعالی آپ کوجزائے خیر فرمائے ۔

پسندیدہ جواب

آپ پرواجب ہے کہ گناہوں اورمعاصی سے توبہ کریں اوراپنے بھائیوں کو بھی اس نصیحت کریں ، اورآپ کے لیے معاصی پرقائم رہنا اوراپنے بھائیوں کونصیحت ترک کردینا جائزنہیں اس لیے کہ یہ دو معصیتوں کوجمع کرنا ہے ۔

تواس سے آپ اللہ تعالی کے ہاں توبہ کرنے کے ساتھ اپنے بھائیوں کونصیحت بھی کرتے رہیں ، تواس طرح آپ منافق نہیں ہونگے ، لیکن آپ ایک فعل کا ارتکاب کررہے ہیں جس کی اللہ تعالی نے مذمت کی اوراس کے فاعل پرعیب لگاتے ہوئے کچھ اس طرح فرمایا ہے :

{اے ایمان والو! تم وہ بات کیوں کہتے ہوجوخود نہیں کرتے ، تم جوکرتے نہیں اس کا کہنا اللہ تعالی کوسخت ناپسند ہے } الصف (2–3) ۔

اوراللہ تعالی کا ایک اورمقام پرکچھ اس طرح فرمان ہے :

{کیا لوگوں کوتوبھلائیوں کا حکم دیتے ہو؟ اورخود اپنے آپ کوبھول جاتے ہوباوجودیکہ تم کتاب پڑھتے ہوکیا تم میں اتنی بھی سمجھ نہیں } ۔ .